## eWIC کارڈ سے خریداری کرنا

**ہو سکتا ہے کہ آپ WIC کا استعمال کرتے ہوئے کھانے کی کچھ اشیاء نہ خرید سکیں اگر:**

- ✓ وہ چیز آپ کی فیملی کے WIC کے فوائد کا حصہ نہ ہو
- ✓ آپ کے فوائد ختم ہو گئے ہوں
- ✓ وہ چیز WIC کی منظور شدہ فہرست میں شامل نہ ہو

**کیا میں WIC کے علاوہ دوسری چیزیں بھی ایک ساتھ خرید سکتا ہوں؟**

جی ہاں۔ پہلے اپنا eWIC کارڈ استعمال کریں۔ پھر باقی چیزوں کی ادائیگی کسی اور طریقے سے کریں۔ SNAP، گفٹ کارڈ، نقد رقم، یا ڈیبٹ کارڈ کا استعمال کریں۔

**اگر مجھے لگے کہ کوئی WIC فوڈ منظور شدہ فہرست میں موجود نہیں ہے تو کیا کروں؟**

اگر آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ WIC فوڈ گائیڈ میں درج کوئی چیز غلطی سے منظور شدہ فہرست میں شامل نہیں کی گئی ہے تو:

- ✓ دکان والے سے بات کریں
- ✓ اپنے WIC کی مقامی ایجنسی سے بات کریں
- ✓ **https://nyswicvendors.com** پر جائیں پوچھیں کہ کیا کھانے کی اس چیز کو WIC کی منظور شدہ فہرست میں شامل کیا جانا چاہیے۔

**میں WIC کی منظور شدہ اسٹور کیسے تلاش کر سکتا/سکتی ہوں؟**

- ✓ **WIC2Go** موبائل ایپ کا استعمال کریں
- ✓ اپنے WIC کی مقامی ایجنسی سے پوچھیں
- ✓ **www.health.ny.gov/wic** ملاحظہ کریں
- ✓ **www.nyswicvendors.com** ملاحظہ کریں

**اگر مجھے اپنی جگہ کسی اور سے WIC کی خریداری کروانی ہو تو کیا کروں؟**

اپنا eWIC کارڈ اور پن صرف ان لوگوں کو دیں جن پر آپ بھروسہ کرتے/کرتی ہیں۔

## میرے eWIC کارڈ کا خیال رکھنا

**اگر میرا eWIC کارڈ گم، چوری یا خراب ہو جائے تو کیا کروں؟**

WIC کے کسٹمر سروس کو **1-844-540-3013** پر کال کر کے اپنا کارڈ منسوخ کروائیں۔ نیا کارڈ حاصل کرنے کے لیے اپنے WIC کی مقامی ایجنسی میں اپوائنٹمنٹ لیں۔

**میں اپنے eWIC کارڈ کا خیال کیسے رکھوں؟**

**یہ کریں:**

- ✓ اپنا کارڈ محفوظ رکھیں۔ آپ کو یہ ہر ماہ استعمال کرنا ہوگا۔
- ✓ اپنے کارڈ کو صاف اور محفوظ رکھیں
- ✓ کارڈ کے پیچھے والی سیاہ پٹی کو خراشوں سے بچائیں

**یہ نہ کریں:**

- ✓ جب آپ کے فوائد ختم ہو جائیں تو کارڈ کو نہ پھینکیں۔ آپ کا یہی کارڈ ہر مہینے استعمال ہوگا
- ✓ کارڈ کو مقناطیس یا برقی آلات جیسے موبائل فون کے قریب نہ رکھیں
- ✓ کارڈ کو دھوپ یا گرم جگہوں جیسے اپنی کار کے ڈیش بورڈ پر نہ چھوڑیں

**مجھے کس وقت کسٹمر سروس کو کال کرنی چاہیے؟**

- ✓ اگر آپ کا eWIC کارڈ گم یا چوری ہو جائے
- ✓ اگر آپ کا eWIC کارڈ کام نہ کرے
- ✓ اگر کوئی آپ کی اجازت کے بغیر آپ کا eWIC کارڈ استعمال کر رہا ہو
- ✓ اگر آپ کو اپنے WIC فوائد کا بیلنس یا ختم ہونے کی تاریخ جاننی ہو
- ✓ اگر آپ اپنا پن بھول جائیں
- ✓ اگر آپ اپنا پن دوبارہ سیٹ کرنا چاہتے/چاہتی ہوں
- ✓ اگر آپ کو اپنے eWIC کارڈ کے بارے میں مدد کی ضرورت ہو

یہ ادارہ برابر مواقع فراہم کرنے والا ہے۔

# نیو یارک اسٹیٹ کے eWIC کارڈ کی گائیڈ



NEW YORK STATE | WIC Program

## میرا eWIC کارڈ اور پن

### eWIC کارڈ کیا ہے؟
آپ اس کارڈ کا استعمال WIC کے اسٹورز پر WIC سے منظور شدہ کھانے پینے کی اشیاء خرید سکتے/سکتی ہیں۔ آپ کی فیملی کے فوائد آپ کے WIC کی مقامی ایجنسی کی طرف سے اس کارڈ میں شامل کیے جائیں گے۔

### پن کیا ہے؟
پن کا مطلب ذاتی شناختی نمبر ہے۔ یہ ایک 4 ہندسوں کا خفیہ کوڈ ہے جو آپ کو اپنا WIC کارڈ استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ آپ اپنا WIC کارڈ فعال کرتے وقت پن منتخب کریں گے/گی۔

### مجھے پن کیسے ملے گا؟
اپنا نیا eWIC کارڈ فعال کرنے اور پن سیٹ کرنے کے لیے **1844-540-3013** پر کسٹمر سروس کو کال کریں۔ آپ کو یہ معلومات جاننی ہوں گی:
- ✓ 16 ہندسوں کا eWIC کارڈ نمبر
- ✓ آپ کے میلنگ ایڈریس کا ZIP کوڈ
- ✓ آپ کی تاریخ پیدائش

### میں اپنا پن کیسے منتخب کروں؟
ایسا 4 ہندسوں والا پن منتخب کریں جو آپ کے لیے یاد رکھنا آسان ہو لیکن دوسروں کے لیے اندازہ لگانا مشکل ہو۔

### میں اپنا پن محفوظ کیسے رکھوں؟
- ✓ اس بات کا خیال رکھیں کہ کوئی دیکھ نہ رہا ہو
- ✓ eWIC کارڈ پر اپنا پن نہ لکھیں
- ✓ پن کو اپنے بٹوے یا پرس میں نہ رکھیں

### اگر میں اپنا پن بھول جاؤں یا اسے دوبارہ سیٹ کرنے کی ضرورت ہو تو کیا کروں؟
کسٹمر سروس کو **1-844-540-3013** پر کال کریں یا **www.EBTedge.com** ملاحظہ کریں۔ آپ کو اپنی تاریخ پیدائش اور میلنگ ایڈریس کا ZIP کوڈ جاننا ہوگا۔

### اگر میں اسٹور پر غلط پن ڈال دوں تو کیا ہوگا؟
آپ کے پاس اسے درست کرنے کے لیے مزید 3 مواقع ہوں گے۔ اگر آپ چوتھی بار بھی غلط درج کریں تو آپ کا اکاؤنٹ لاک ہو جائے گا۔ اس کے بعد آپ اگلے دن تک اپنا کارڈ استعمال نہیں کر سکیں گے/گی۔ یا پھر آپ کسٹمر سروس پر کال کر سکتے/سکتی ہیں۔ وہ آپ کا پن ری سیٹ کر دیں گے۔

## میرے eWIC کارڈ کے فوائد

### میں اپنے WIC اکاؤنٹ پر WIC فوائد کیسے حاصل کروں؟
آپ کی WIC ملاقات پر، WIC کا عملہ آپ کے فوائد کو آپ کے WIC اکاؤنٹ میں شامل کرے گا۔ آپ کو اپنی فیملی کے WIC فوائد کی ایک فہرست ملے گی جو اگلے تین مہینوں کے لیے ہوگی۔ اس فہرست میں آپ کے فوائد کی شروعات اور ختم ہونے کی تاریخیں درج ہوں گی۔

### کیا مجھے WIC کے سارے فوائد ایک ساتھ ہی خریدنے ہوں گے؟
نہیں، آپ اپنی ضرورت کے مطابق WIC کے کھانے پینے کی چیزیں خرید سکتے/سکتی ہیں۔

### کیا میرا eWIC کارڈ دوبارہ استعمال ہو سکتا ہے؟
جی ہاں۔ اپنا eWIC کارڈ محفوظ رکھیں اور ہر اپوائنٹمنٹ پر ساتھ لے کر جائیں۔

### مجھے اپنے WIC کے فوائد کا بیلنس اور ختم ہونے کی تاریخ کیسے معلوم ہوگی؟
یہ معلومات حاصل کرنے کے 5 طریقے ہیں:
- ✓ **WIC2Go**، موبائل ایپ
- ✓ آپ کی آخری اسٹور رسید
- ✓ اپنے اسٹور کے کسٹمر سروس ڈیسک پر جائیں
- ✓ کسٹمر سروس کو **1-844-540-3013** پر کال کریں
- ✓ **www.EBTedge.com** ملاحظہ کریں

### اگر مجھے اپنے فوائد کے بارے میں کوئی سوال ہو تو کیا کروں؟ اگر مجھے اپنے فوائد یا اپنے بچے کے فارمولے کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہو تو کیا کروں؟
اپنے فوائد یا بچے کے فارمولے میں تبدیلی کے لیے WIC کی مقامی ایجنسی کے عملے سے پوچھیں۔

### WIC2Go کیا ہے؟
**WIC2Go** نیو یارک اسٹیٹ کے WIC کے شرکاء کے لیے ایک موبائل ایپ ہے۔ ان امور میں WIC2Go آپ کی مدد کر سکتی ہے:
- ✓ آپ کے اپوائنٹمنٹس کی فہرست بنانے میں
- ✓ آپ کے موجودہ مہینے کا بیلنس اور ختم ہونے کی تاریخ چیک کرنے میں
- ✓ اشیاء کو سکین کرنے میں تاکہ پتا چل سکے کہ وہ WIC سے منظور شدہ ہیں یا نہیں جسے **WIC2Go** Apple ایپ اسٹور یا Google پلے سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

## eWIC کارڈ سے خریداری کرنا

جب آپ خریداری کریں تو اپنے eWIC کارڈ کا استعمال کیسے کریں:

یہ مراحل اسٹور کے حساب سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

1. اپنی WIC شاپنگ لسٹ، بیلنس، فوڈز گائیڈ اور WIC2Go استعمال کرتے ہوئے WIC اشیاء منتخب کریں۔
2. ایسا چیک آؤٹ لین منتخب کریں جو WIC قبول کرتا ہو۔
3. اپنی WIC اشیاء کو کھانے کی دوسری چیزیں سے پہلے رکھیں۔
4. درمیانی لین دین کی رسید دیکھیں تاکہ استعمال شدہ WIC فوائد کی منظوری دے سکیں۔
5. اپنا eWIC کارڈ سوائپ کریں اور 4 ہندسوں کا پن درج کریں۔ اپنا پن اسٹور کے ملازمین کے ساتھ شیئر نہ کریں
6. غیر WIC اشیاء کے لیے ادائیگی کا دوسرا طریقہ استعمال کریں۔
7. اگلی خریداری کے لیے اسٹور کی رسید اور eWIC کارڈ محفوظ رکھیں۔

